© rasailojaraid.com



ناشر . . . مولانا سید محمد یوسف بنوری

ملنے کا پتہ . . . حافظ محمد مسلم بن برکت اللہ مٹھائی کمپاؤنڈ ، بندر روڈ ۔ کراچی

جس طرح مسلمان کو کافر کہنا کفر ہے ، اسی طرح کافر کو مسلمان قرار دینا بھی کفر ہے بشرطیکہ جس کو کافر قرار دیا جا رہا ہو اس کا کفر دلائل سے ثابت کر دیا جائے ۔

مناظر اسلام مولانا سید مرتضیٰ حسن چاند پوری نے اس کتاب میں مرزائیوں کو کافر قرار دینے کے متعدد اور ٹھوس وجوہ بیان کئے ہیں ، یہ کتاب مولانا مرحوم نے آج سے ۵۳ سال قبل لکھی تھی مگر قادیانیوں کی دونوں جماعتیں آج تک اس کا جواب نہیں دے سکیں ۔۔ صرف پندرہ پیسے کے ٹکٹ ارسال کر کے مفت طلب فرمائیں !

---

نام کتاب . . . . قادیانیوں سے ستر سوالات

مصنف . . . . مولانا سید مرتضیٰ حسن چاند پوری

ناشر . . . مولانا سید محمد یوسف بنوری امیر مجلس تحفظ ختم نبوت پاکستان ، ملتان

ملنے کا پتہ . . . حافظ محمد مسلم بن برکت اللہ ، مٹھائی کمپاؤنڈ ، بندر روڈ ، کراچی

مصنف نے آج سے نصف صدی قبل قادیانیوں سے ستر سوالات کئے تھے ۔ جس کا جواب آج تک نہیں مل سکا ۔ جیسا کہ نام سے ظاہر ہے ، یہ تمام سوالات زیر نظر کتابچہ میں جمع کر دیئے گئے ہیں ۔۔ صرف دس پیسہ کے ٹکٹ ارسال کر کے مطالعہ کیلئے دعوت عام ہے !

---

نام کتاب . . . . اعلائے کلمۃ الحق

مصنفہ . . . پروفیسر منظور احسن عباسی

ضخامت . . . ۸۰ صفحات

قیمت . . . ۲ روپے

ملنے کا پتہ . . . اسلامی مشن سنت نگر ۔ لاہور

ہم ایسے کٹھن دور میں زندگی بسر کر رہے ہیں جس میں حق کا کلمہ کہتے ہوئے ، سچی بات لکھتے ہوئے احکام الٰہی کی تبلیغ کرتے ہوئے انسان ڈرتا ہے ، اس کے سامنے کوئی شخص خواہ کتنا ہی انسانیت سوز فعل کرتا ہو ، وہ چپ سادھے رہیگا ۔ کیا مجال ہے جو کلمہ حق منہ سے نکلے حالانکہ عمل بالمعروف اور

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

نہی عن المنکر یعنی نیکی کا حکم کرنا اور برائی سے روکنا قرآنی حکم ہے اور اسے ہر شخص کے لئے ایک فریضہ قرار دیا گیا ہے۔

لیکن آج ہم اس فریضہ کو یکسر فراموش کر چکے ہیں حالانکہ جس طرح بد عملی عذاب خداوندی کا موجب بنتی ہے، اسی طرح امر بالمعروف اور نہی عن المنکر سے موڑ لینا بھی عذاب الہٰی کو دعوت دینے کے مترادف ہے۔

"اعلائے کلمۃ الحق" میں امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کی اہمیت کو کتاب وسنت، اسوۂ رسولؐ خلفائے راشدین اور علمائے خیر وغیرہم کے کردار اور ان کے کارناموں کی روشنی میں واضح کیا گیا ہے!

---

نام کتاب . . . . نصب العین

مصنف . . . . پروفیسر محمد عبد الغنی ایم۔ اے

ضخامت . . . ۱۲۰ صفحات

ملنے کا پتہ . . . المرکز اشاعتِ اسلام حبیب گنج لاہور

رعایتی قیمت . . . ۸ روپے

اس کتاب کی قیمت اگرچہ حجم کے لحاظ سے کچھ زیادہ معلوم ہوتی ہے لیکن اس کی خوبیوں کو دیکھ کر قاری کو بخوبی یہ اندازہ ہو جائیگا کہ اس کی جیب پر کوئی ناجائز بوجھ نہیں پڑا۔ یہ کتاب اسلام دشمن طاقتوں کی ان سازشوں کو طشت از بام کرنے میں اپنا ثانی نہیں رکھتی جو مادیت پرستی، ثقافت اور مختلف "ازموں" کی صورت میں کروڑوں ڈالر اور اربوں روبل کے مصارف کے بعد ارضِ پاکستان کی طرف یلغار کر رہی ہیں، جن سے ملی وحدت پارہ پارہ ہونے کا اندیشہ ہے اور جو ہماری نوجوان نسل کے لئے زہرِ قاتل کا حکم رکھتی ہیں ——— "نصب العین" میں قرآن وحدیث کی روشنی میں ایک ایسا پروگرام ترتیب دیا گیا ہے جو ان سازشوں کا مکمل توڑ ہے اور جس پر عمل کر کے ان کا کامیاب مقابلہ کیا جا سکتا ہے۔

اس میں اتحادِ ملی پر زور دیا گیا ہے اور علماء کو فرقہ بندی اور انتشار کے سیلاب میں بہہ جانے سے روکتے ہوئے صحیح طرزِ عمل کی دعوت دی گئی ہے۔ علاوہ ازیں جدید نظریات کی تباہ کاریوں کے متعلق قرآن وحدیث اور آثارِ صلحاء و متقدمین کی تعلیمات کی روشنی میں ایسے اشارات موجود ہیں، جن کی ملتِ اسلامیہ کو اس پرفتن دور میں شدید ضرورت ہے۔

© rasailojaraid.com